# NEW ERA PUBLIC SCHOOL

## SESSION : 2021

## SOLVED ASSIGNMENT OF UNIT 3rd

## CLASS 2ND

## SUBJECT: URDU A/B

PNo 1

## LESSON NO:- ۱۳ قطب مینار

| الفاظ | | معنی | الفاظ | | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| غلام | = | نوکر | برس | = | سال |
| منزلیں | = | طبقے | سنگ | = | پتھر |
| سپہ سالار | = | فوج کا کمانڈر | تعمیر ہونا | = | بنایا جانا |
| فتح کرنا | = | جیتنا | سلیں | = | پتھر کے لمبے چوڑے ٹکڑے |
| پولو | = | گھوڑوں پر کھیلی جانے والی ہاکی کا کھیل | | | |

### ① تحریری سوالات :-

سوال 1 :- قطب الدین کس کا سپہ سالار تھا ؟
جواب :- قطب الدین محمد غوری کی فوج کا سپہ سالار تھا۔
سوال ۲ :- قطب الدین کس طرح زخمی ہوا ؟
جواب :- قطب الدین پولو کھیلتے ہوئے زخمی ہو گیا۔
سوال ۳ :- قطب الدین کی زندگی میں مینار کی کتنی منزلیں مکمل ہوئیں ؟
جواب :- قطب الدین کی زندگی میں مینار کی دو منزلیں مکمل ہوئیں۔
سوال ۴ :- مینار کی باقی تین منزلیں کس نے مکمل کروائیں ؟
جواب :- مینار کی باقی تین منزلیں سلطان شمس الدین التمش نے مکمل کروائیں۔
سوال ۵ :- قطب مینار کہاں واقع ہے ؟
جواب :- قطب مینار دہلی میں واقع ہے۔

سوال ۶ :- قطب مینار کی کل کتنی منزلیں ہیں ؟
جواب :- قطب مینار کی کل پانچ منزلیں ہیں
سوال ۷ :- قطب مینار میں کس قسم کے پتھر استعمال ہوئے ہیں ؟
جواب :- قطب مینار میں سنگ سرخ اور سنگ مرمر کے
پتھر استعمال ہوئے ہیں -

(۲) درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پر کیجیے :-
(1) قطب الدین ہندوستان کا پہلا مسلمان بادشاہ تھا -
(۲) وہ پہلے ایک غلام تھا -
(۳) سلطان ایک اونچا مینار بنوانا چاہتا تھا -
(۴) قطب مینار میں سنگ مرمر کی سلیں لگائی گئی ہیں
(۵) قطب الدین پولو کھیلتے کھیلتے زخمی ہو گیا -
(۶) یہ مینار قطب مینار کے نام سے مشہور ہے -
(۷) اس مینار کی اونچائی دو سو اڑتیس فٹ ہے -

(۳) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے :-
(۱) قطب الدین ہندوستان کا بادشاہ بننے سے پہلے ایک غلام تھا

(i) ایک تاجر (ii) ایک وزیر (iii) ایک غلام ✓

(۲) قطب الدین پولو کھیلتے کھیلتے زخمی ہو گیا -

(i) کبڈی (ii) کرکٹ (iii) پولو ✓

(۳) قطب مینار کی پانچ منزلیں ہیں -

(i) دو (ii) پانچ ✓ (iii) دس

## LESSon No ÷ 14 محنت کا پھل

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| کام چور = | سُست | ہاتھ بٹانا = | مدد کرنا |
| عرصہ = | وقت | مایوس = | نا امید |
| بانٹ لینا = | تقسیم کرنا | کُدال = | زمین کھودنے کا ایک اوزار |
| ٹس سے مس نہ ہونا = | توجہ نہ دینا | | |

### ① تحریری سوالات ÷

سوال 1 ÷ بوڑھے کسان کے کتنے بیٹے تھے ؟
جواب ÷ بوڑھے کسان کے چار بیٹے تھے ۔
سوال ۲ :- چاروں بیٹے کیسے تھے ؟
جواب ÷ چاروں بیٹے بڑے کام چور تھے ۔
سوال ۳ :- بوڑھے باپ نے ان کو کیا نصیحت کی ؟
جواب ÷ بوڑھے باپ نے ان کو یہ نصیحت کی کہ میں نے اپنے کھیت میں ایک بڑا خزانہ دفن کر رکھا ہے ۔ میرے مرنے کے بعد اس کو نکال کر آپس میں بانٹ لینا
سوال ۴ :- باپ کے مرنے کے بعد انھوں نے کھیت میں کیا کیا ؟
جواب :- باپ کے مرنے کے بعد انھوں نے ہل کُدال لے کر کھیت کو کھودنا شروع کیا ۔
سوال ۵ :- باپ کا خزانہ دراصل کیا تھا ؟
جواب :- باپ کا خزانہ دراصل کھیت تھا ۔

### ۲ درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے ÷

(۱) ایک کسان کے چار بیٹے تھے ۔
(۲) وہ سب کام چور تھے ۔

(۳) ایک دن بوڑھا کسان بیمار ہوا -
(۴) تمہارے کھیت میں ایک خزانہ دفن ہے -
(۵) کھیت فصل سے لہلہانے لگا
(۶) چاروں بھائیوں نے کھیت کو کھودنا شروع کیا -

(۳) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے :-
(۱) کس نے کہا تھا ؟
" میرے پیارو - میری زندگی کے دن اب ختم ہونے کو آگئے ہیں تم کو آخری وصیت کرتا ہوں - "
(i) باپ نے ✓ (ii) ہمسایہ نے (iii) دوست نے

(۲) اس کے بعد چاروں بھائیوں نے ہل کدال لے کر کھیت کو کھودنا شروع کیا -
(i) مزدوروں (ii) بھائیوں ✓ (iii) رشتہ داروں

(۳) ہمیں چاہیے کہ ہم خوب محنت کریں
(i) آرام سے بیٹھے رہیں (ii) تھوڑی بہت محنت کریں
(iii) خوب محنت کریں ✓

LESSON NO ۱۵ پیڑ پودے

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| چھاؤں | = سایہ | خوش گوار | = دل پسند |
| ماحول | = پاس پڑوس | ہرے بھرے | = سرسبز |

(۱) تحریری سوالات :-
سوال 1 :- اگر پیڑ پودے نہ ہوں تو کیا ہوگا ؟

جواب :- اگر پیڑ پودے نہ ہوں تو نہ پھل پھول ہوں گے نہ گھنی چھاؤں ہوگی۔ نہ ہوا صاف ستھری ہوگی اور نہ موسم خوشگوار ہوگا۔

سوال ۲ :- کون سا پیڑ بڑا اور سایہ دار ہوتا ہے؟

جواب :- چنار کا پیڑ بڑا اور سایہ دار ہوتا ہے۔

سوال ۳ :- پیڑوں سے ہمیں کیا کیا ملتا ہے؟

جواب :- پیڑوں سے ہمیں قسم قسم کے پھول اور لکڑی ملتی ہے۔

سوال ۴ :- لکڑی کس کام آتی ہے؟

جواب :- لکڑی طرح طرح کے سامان اور عمارتیں بنانے کے کام آتی ہے۔

سوال (۵) :- ماحول پر پیڑوں کا کیا اثر پڑتا ہے؟

جواب :- پیڑوں سے ماحول صاف ستھرا رہتا ہے۔

سوال ۶ :- ہمیں کیوں زیادہ پیڑ لگانے چاہئیں؟

جواب :- ہمیں زیادہ پیڑ اسلئے لگانے چاہئیں کیونکہ پیڑوں سے ہمیں قسم قسم کے پھل اور لکڑی ملتی ہے۔ ان سے ماحول بھی اچھا رہتا ہے۔

سوال ۷ :- سات پھلوں کے نام لکھیے۔

جواب :- سات پھلوں کے نام یہ ہیں۔

آم - سیب - انار - کیلا - اخروٹ - بادام ناشپاتی -

## LESSON NO 14 برسات

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| نکھار | = چمک | بھانا | = پسند آنا |
| مگن | = خوش | تھکن | = تھکاوٹ |
| روپ | = خوب صورتی | | |

① تحریری سوالات :-

سوال 1 :- شاعر کن چیزوں کی چمک اور نکھار کا ذکر کرتا ہے ؟
جواب :- شاعر چاند تاروں کی چمک اور نکھار کا ذکر کرتا ہے -
سوال ۲ :- شاعر نے کس چیز کو پیار کیا ہے ؟
جواب :- شاعر نے چاند کو پیار کیا ہے -
سوال ۳ :- سورج اور دھوپ کب غائب ہوتے ہیں ؟
جواب :- سورج اور دھوپ شام کو غائب ہوتے ہیں
سوال ۴ :- سب کو کون سی چیز بھاتی ہے ؟
جواب :- سب کو نیند بھاتی ہے -
سوال ۵ :- ساری تھکن کب دور ہو جائے گی ؟
جواب :- ساری تھکن رات کو دور ہو جائے گی

② درج ذیل جملوں میں مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے :-

(۱) دیکھو آئی ہے رات -
(۲) سر پہ چھائی ہے رات -
(۳) آہا نکلا ہے چاند
(۴) دیکھو ان کی بہار
(۵) نا ہی گرمی رہی -

## اردو گرامر

①

| واحد | جمع | واحد | جمع |
| --- | --- | --- | --- |
| (1) بکری | = بکریاں | (۴) ہرنی | = ہرنیاں |
| (۲) لومڑی | = لومڑیاں | (۵) الماری | = الماریاں |
| (۳) لڑکی | = لڑکیاں | (۶) کرسی | = کرسیاں |

| جمع | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|
| بالیاں = | ۸) بالی | لکڑیاں = | ۷) لکڑی |
| کھڑکیاں = | ۱۰) کھڑکی | وردیاں = | ۹) وردی |

(۲)

| مؤنث | مذکر | مؤنث | مذکر |
|---|---|---|---|
| کتیا = | ۶) کتا | نوکرانی = | ۱) نوکر |
| مورنی = | ۷) مور | خادمہ = | ۲) خادم |
| لڑکی = | ۸) لڑکا | بیگم = | ۳) بادشاہ |
| موچن = | ۹) موچی | چورنی = | ۴) چور |
| درزن = | ۱۰) درزی | عورت = | ۵) مرد |

(۳)

| ضد | الفاظ | ضد | الفاظ |
|---|---|---|---|
| برا | ۶) اچھا | حرام = | ۱) حلال |
| بے وفا = | ۷) وفادار | خیانت = | ۲) امانت |
| سرد = | ۸) گرم | غریب = | ۳) امیر |
| تر = | ۹) خشک | غلام = | ۴) آقا |
| نرم = | ۱۰) سخت | زوال = | ۵) کمال |

(۴) کتاب فروش کے نام کتاب بھیجنے کے لئے خط لکھیے۔

جناب منیجر
آسکر بک ڈپو کرن نگر

جناب محترم

مہربانی کر کے نیچے دیے ہوئے پتہ پر دوسرے جماعت کے دس کتاب سیٹ روانہ فرمائیں۔ سیٹ ملنے پر قیمت ادا کرونگا۔ شکریہ

آپ کا تابعدار
ا۔ ب۔ ج — تاریخ ------
نیوایرا پبلک سکول راجباغ سرینگر

(۵) مضمون :- بکری

(۱) بکری ایک پالتو جانور ہے -
(۲) یہ گائے سے چھوٹی ہوتی ہے -
(۳) اس کی چار پتلی ٹانگیں ہوتی ہیں -
(۴) اس کی دو آنکھیں، دو کان اور ایک چھوٹی سی دم ہوتی ہے -
(۵) اس کے سر پر دو لمبے اور نکیلے سینگ ہوتے ہیں -
(۶) بکری گھاس، پتے اور دانہ کھاتی ہے -
(۷) اس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں جیسے سیاہ، سفید، بھورا وغیرہ -
(۸) بکری دودھ دیتی ہے -
(۹) بکری کے بچے کو میمنا کہتے ہیں -
(۱۰) میمنا بہت ہی خوبصورت لگتا ہے -

(۶) متعلق فعل کسے کہتے ہیں ؟
ج) متعلق فعل وہ کلمہ ہے جو فعل یعنی کام کے بارے میں مزید وضاحت دے - جیسے خوب ناچنا - صاف لکھنا، جھوٹ بولنا وغیرہ

(۷) درج ذیل جملوں میں جن الفاظ کو متعلق فعل کے طور پر استعمال کیا گیا ہے ان کو چن لیجیے :

| جملے | متعلق فعل |
| --- | --- |
| (۱) رادھا خوب ناچتی ہے - | خوب |
| (۲) وسیم بہت قابل ڈاکٹر ہے - | بہت |
| (۳) کاشف اچھا کھیلتا ہے - | اچھا |
| (۴) گھوڑا تیز دوڑتا ہے - | تیز |
| (۵) بارش تیز گر رہی ہے - | تیز |

(۸) س) ضمیر کسے کہتے ہیں ؟
ج) ضمیر وہ کلمہ ہے جو کسی اسم کی جگہ استعمال ہوتا ہے جیسے وہ، یہ، اس، ان، تم وغیرہ